پُر تاثیر عملیات
آنکھ و کان کے علاج کا عمل
آشوبِ چشم کے علاج کا عمل
دانت کے کیڑے کے علاج کا عمل
نظرِ بد کے علاج کا عمل
دِل کی گھبراہٹ ہولِ دِل کا عمل
دمہ کے عِلاج کا عمل
پتھری کے علاج کا عمل
مؤلف:
صوفی محمد ندیم محمدی
قادری چشتی سہروردی نقشبندی

ترا ذکر رازِ نجات ہے کہ یہی اساسِ حیات ہے
رہے لب پہ نام سدا ترا تری شان جلّ جلالہٗ

نام کتاب ــــــــ پُرتاثیر عملیات

عامل ــــــــ صوفی محمد ندیم محمدی

صفحات ــــــــ ۸۰

سن طباعت ــــــــ ۱۹۹۹ء

تعداد ــــــــ ۲۱۰۰

باہتمام ــــــــ الحاج محمد ناصر خان

ناشر ــــــــ فرید بک ڈپو پرائیویٹ لمیٹڈ

قیمت ــــــــ Rs. : 20/=

# حمدِ باری تعالیٰ

مرا وردِ ہر دم رہا اللہ اللہ
کہا اللہ اللہ کہا اللہ اللہ

مرا کام دائم ولا اللہ اللہ
مرا مُدّعا آسرا اللہ اللہ

ہر اک شے اُسی کی گدائی پہ نازاں
مِلا گوہرِ مُدّعا اللہ اللہ

دِل آسودہ ہوگا دِل آسودہ ہوگا
ہر اللہ والا گدا اللہ اللہ

ہوا وسوسہ دُور واللہ اِک دم
مری آس کا گُل کِھلا اللہ اللہ

صوفی محمد ندیم محمدی

# پُرتاثیر عملیات

صوفی محمد ندیم محمدی

قادری چشتی سہروردی نقشبندی

فرید بُک ڈپو (پرائیویٹ) لمیٹڈ
۴۲۲ مٹیامحل اردو مارکیٹ جامع مسجد دھلی ۱۱۰۰۰۶
فون آفس: ۳۲۷۹۹۹۸، ۳۲۶۵۴۰۶ رھائش: ۳۲۶۲۴۸۶

# اِنتسابؒ !!

مالکِ ہر جہاں، ذاتِ لاشریک

کے نام

باہر امکان سے اِس کی ہے توصیف

—•—

تُو خدائے بُزرگ و برتر ہے

تیری رحمت ہر ایک شے پر ہے

تُجھ کو مشکل میں جب پُکارا ہے

تُو ہمیشہ ہی کام آیا ہے

# اِنتسابِ ثانی!!

راحتِ قلب و سینہ ، سرکارِ مدینہ

حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

کے نام

وہی ہیں رحمت و لطفِ مجسم

—•—

مرا وِرد شام و سحر یا محمدؐ

مرا علم میرا ہنر یا محمدؐ

توجہ سے سرکارِ عالیؐ کی ہوگا

مقدر مرا اوج پر یا محمدؐ

# عرضِ فقیر!!

لُطفِ رَبِّ غفور حاصل کر
قلب میں اُس کا نُور حاصل کر
کر طلب اُس سے رحمتیں اُس کی
اور کیف و سرور حاصل کر

مالکِ ہر جہاں، ذاتِ لاشریک کا احسانِ عظیم اور سرورِ کائنات حضرت محمّد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم و مرشدِ پاک کی نظرِ کرم کہ ناچیز کے کاسۂ تقدیر میں (خلقِ خدا کی خدمت کے لیے) دولتِ علمِ عملیات ڈلی۔ اب تک کئی کتابیں میری عملیات و تعویزات کی اشاعت پذیر ہو چکی ہیں اور روزانہ کئی خطوط مجھے مختلف جگہوں سے ملتے رہتے ہیں۔ قریباً لوگوں نے میری کتابیں پسند فرمائی ہیں اور میرے لیے سب سے بڑا اعزاز یہ ہے کہ ہر کوئی یہ کہتا ہے کہ صوفی صاحب آپ کی کتابیں پڑھ کر ہمیں کسی اور عامل یا پیر کے پاس جانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ الحمدللہ یہ سب اُس ذاتِ پاک بابرکت کا کرم ہے۔ زیرِ نظر کتاب "پُرتاثیر عملیات" بھی انشاءاللہ تعالیٰ آپ کو پسند آئے گی اللہ تعالیٰ ہم سب کو سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

"ایں دُعا از من و از جملہ جہاں آمین باد"

دُعا گو!
صوفی محمد ندیم محمدی

# دعا دفع نحوست سیارگان

—•—

بعض حضرات شکایت کرتے ہیں کہ ہم نے عملیات و تعویزات کیے مگر سدا ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ ان حضرات سے گذارش ہے کہ کوئی بھی عمل شروع کرنے سے پہلے تین روزے رکھیں اور خوب استغفراللہ اور درود شریف کا ورد رکھیں اس کے بعد اپنے نام کے اعداد کے مطابق ذیل کی دعا کو اول و آخر گیارہ (۱۱) مرتبہ درود ابراھیم کے ساتھ پڑھیں اس کے بعد عمل شروع کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ عمل میں کامیاب ہوں گے۔

—•—

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اِحْفَظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِیْ وَالزُّحَلِ وَالزُّھْرَۃِ وَالْعَطَارِدِ وَالْمِرِّیْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

# فہرست پُر تاثیر عملیات

| نمبر شمار | عملیات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|

# ضعف دماغ اور نسیان کا علاج

## ۵

(۱) سورۂ یٰسین کو مشک و زعفران سے لکھیں اور دھو کر پی لیں سات روز متواتر بلاناغہ ایسا کرنے سے انشاء اللہ پھر جو کچھ سنے گا وہ سب یاد رہے گا۔

(۲) مطالعہ سے پہلے اس دُعا کا پڑھنا نسیان دفع کرنے کیلئے مفید ہے!

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيَّ فُتُوْحَ الْعَارِفِيْنَ بِحِكْمَتِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ رَحْمَتَكَ وَذَكِّرْنِيْ مَا نَسِيْتُ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

(۳) قوت حافظہ کیلئے مطالعہ سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھنا مفید ہے!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ حَرْفٍ كُتِبَ اَوْ يُكْتَبُ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَ دَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔

(۴) ان آیات کا جمعرات یا جمعہ کے دن پہلی ساعت میں چینی کی طشتری پر باوضو زعفران مشک اور گلاب سے لکھ کر پھر ان کو دھو کر نہار منہ کمزور حافظے والے کو پلانا مفید ہے اس عمل کو سات دن تک کیا جائے آیت یہ ہیں!!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ سے كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ تک (ال عمران آیت ۳۸ تا ۴۰)

(۵) وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ سے جَاهِلِيْنَ تک (قصص ۵۱ تا ۵۵)۔

قوت حافظہ وذھن و فہم علم کے لئے مہینہ کی اول جمعرات جمعہ ہفتہ کو روزہ رکھے اور یہ آیتیں شیشہ کے برتن پر رات کو لکھ کر آب نہر جاری سے دھو کر قبل الطلوع اس شخص کو جس کا حافظہ کمزور ہو پلایا جائے مجرب ہے۔

(۶) اسم باری تعالیٰ اَلرَّحمٰنُ کو ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنے سے دل کی غفلت اور نسیان دور ہوگا۔

(۷) اتوار کے روز ایک چھوٹے سے کاغذ پر موٹے قلم سے اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لکھ کر صبح ناشتہ کے ساتھ نگل جائیں دوسرے اتوار کو اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ لکھ کر کھا جائیں تیسرے اتوار کو الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ اور چوتھے اتوار کو حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ حٰمٓ اور پانچویں اتوار کو طٰسٓمٓ طٰسٓ الٓمٓرٰ اور چھٹے اتوار کو صٓ قٓ نٓ اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ لکھ کر ناشتے کے ساتھ کھالیں۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ قوت حافظہ اس قدر قوی ہوجائے گا کہ اس کی شرح بیان کرنا دشوار ہے۔

(۸) دماغ کی کمزوری کے واسطے اس آیت کا روزانہ بعد نماز فجر دس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَیْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۫ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ یُسَبِّحْنَ وَالطَّیْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِیْنَ سورۃ الانبیاآ ۷۹

(۹) ضعف دماغ سے متعلقہ امراض کے لئے یہ آیات زعفران سے لکھ کر سر میں باندھا جائے بہت مفید ہے۔

"اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ"

(۱۰) نسیان دور کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تیرہ مرتبہ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا اور گیارہ مرتبہ یہ آیات پڑھی جائیں۔ مفید و مجرب ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۙ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۙ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ (سورۂ طٰہٰ ۲۵ تا ۲۸)

(۱۱) حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ آیت الکرسی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے لکھ کر سات مرتبہ چاٹنا قوت حافظہ اور دفع نسیان کیلئے مفید و نافع ہے۔

(۱۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ پانی پر دم کر کے جس کو پلایا جائے اس کا ذھن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو گا۔

## حفاظت ایمان کیلئے !!

(۱) جو شخص ہر نماز کے بعد اس دعا کے پڑھنے کو عادت بنالے انشاء اللہ اس کا خاتمہ ایمان پر ہو گا۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

(۲) فجر کی نماز سے قبل و بعد اکتالیس بار یہ دعا پڑھے تو انشاء اللہ خاتمہ بالایمان ہو گا۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اللّٰهُ اور ہر بار پڑھنے کے بعد یا اللہ تین مرتبہ کہے۔

(۳) اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ تک (آل عمران) آیت ۱۹۰ تا ۱۹۴ جو شخص ہمیشہ ان آیتوں کو پڑھا کرے اس کا ایمان ثابت رہے اور قلب پاک ہو اور دنیا و آخرت کی رسوائی سے محفوظ رہے گا۔

## جنون وہذیان کا علاج

(۱) سات کنوؤں کے پانی پر یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ شفایاب ہوگا بہت مجرب ہے۔

سورۂ جن ابتداء سورت سے رَشَدًا (آیت ۱۰) تک

(۲) سورۂ معوذتین بھی حسب ترکیب سابق پانی پر دم کرکے مریض کو پلایا جائے۔

(۳) مریض کے سر میں یہ آیت لکھ کر باندھی جائے انشاء اللہ اس کا ہذیان دور ہو جائے گا۔

"لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ"

(۴) ازالہ ہذیان کیلئے بعد نماز فجر مریض کے سر پر داہنا ہاتھ پھیرتے ہوئے سات بار یہ دُعا پڑھی جائے !!

"بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ"

(۵) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دیوانہ اعرابی کو اپنے سامنے بٹھا کر یہ آیات پڑھیں !!

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (تا) يَعْقِلُوْنَ سورۂ بقرہ آیت ۱۶۳ تا ۱۶۴ پھر آیت الکرسی اور لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ (تا اخر بقرہ) شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (تا الْحِسَابِ سورۂ ال عمران ۱۸ - ۱۹) اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ (تا) مُحْسِنِيْنَ (اعراف ۵۴ تا ۵۶) فَتَعَالَى اللّٰهُ (مومنون ۱۱۶) پھر گیارہ آیات اول

صَآفَّآتِ کی (تا) لَازِبٍ اور تین آیات آخر سورۂ حشر کی اور وَاَنَّہٗ تَعَالٰی جَدُّ
رَبِّنَا (تا) وَلَدًا (سورۂ جن) اور سورۂ اخلاص اور معوذتین ۔
کہتے ہیں کہ وہ شخص جنون وغیرہ سے بالکل تندرست ہوگیا۔
(۶) سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرنا بھی دفع دیوانگی کیلئے مجرب ہے ۔

## ام الصبیان (کمیڑا) کا علاج

(۱) فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ اَلْحَمْدُ مَعَ وَصْلِ بِسْمِ اللّٰہِ یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھ کر مٹھائی یا پانی پر دم کرکے مسان کے مریض کو کھلایا جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

(۲) جس بچے کو مسان کی شکایت ہو ان آیات کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ بچہ مسان اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا بہتر یہ ہے کہ بچے کے پیدا ہوتے ہی گلے میں ڈال دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَخَابَ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ مِّنْ وَّرَآئِہٖ جَهَنَّمُ وَیُسْقٰی مِنْ مَّآءٍ صَدِیْدٍ یَّتَجَرَّعُہٗ وَلَا یَکَادُ یُسِیْغُہٗ وَیَاْتِیْہِ الْمَوْتُ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَیِّتٍ وَمِنْ وَّرَآئِہٖ عَذَابٌ غَلِیْظٌ ۝

# دفع مرگی

(۱) بروز اتوار بوقت فجر تانبہ کی تختی کے ایک طرف یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَهَّارُ اور دوسری طرف یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزٍ سُلْطَانُهٗ یَا مُذِلُّ کھدوا کر تختی کو مریض کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ دوبارہ دورہ نہ پڑے گا۔

(۲) اگر کوئی شخص مرگی سے بے ہوش ہو جائے تو اس کے دائیں کان میں پوری اذان اور بائیں کان میں اقامت سات بار کہیں۔ انشاء اللہ اسے ہوش آجائے گا۔

(۳) جو شخص سورۂ سجدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اسے مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

(۴) مرگی کے مریض کے سر میں یہ آیت تین بار لکھ کر باندھنا مفید ہے۔
اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ۔

(۵) جس شخص کو مرگی کا مرض ہو تو ان آیات کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الشَّیْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ○ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○ رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

(۶) مریض کے کان میں یہ دعا پڑھ کر پھونک ماریں انشاء اللہ پھر دورہ نہ

پڑے گا۔ کان کے پاس منہ رکھ کر پڑھیں اور پھونک ماریں کہ پھونک اندر جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ الٓمّٓصٓ، طٰسٓمٓ، کٓھٰیٰعٓصٓ، یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ، نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ اول تو پہلی بار ہی دم کرنے سے آرام آجائے گا ورنہ دو چار دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ دورہ کے وقت خاص کر دم کریں انشاء اللہ دورہ نہ پڑے گا۔

## بچے کا دودھ چھڑوانا

(۱) سورۃ البروج لکھ کر اس بچے کے گلے میں باندھ دے دودھ باآسانی چھوڑ دیگا

(۲) یہ دعا لکھ کر چند روز پلائے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْمَتِیْنُ الَّذِیْ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

(۳) روٹی کے ٹکڑے پر ذیل کی آیات لکھ کر بچے کو کھلائے تو دودھ پینا چھوڑ دے۔

وَحَرَّمْنَا عَلَیْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَیْهِمْ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰہِ الَّتِیْ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ یَآ اَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰہُ لَکَ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِکَ

(۴) اگر کوئی بچہ دودھ چھوڑنے کے صدمہ سے روتا ہو اور صبر نہ کرتا ہو تو سات مرتبہ یَا مَتِیْنُ لکھ کر گھول کر بچے کو پلادیں انشاء اللہ بچہ کو صبر آجائے گا

## پورے اور آدھے سر کے درد کا علاج

(۱) جس کے سر میں درد ہو یہ آیات لکھ کر اس کے سر پر باندھی جائیں انشاء اللہ درد ختم ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰی بَعْدَ ذٰلِکَ فَلَہٗ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْکُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ؕ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّہَارِ ؕ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

(۲) اگر کسی کے آدھے سر میں درد ہو تو اول و آخر تین تین بار درود شریف اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ درد ختم ہوجائے گا۔

"اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا۔"

(۳) قیصر روم نے حضرت عمرؓ کی خدمت میں درد سر کی شکایت کی۔ آپ نے ایک ٹوپی سلوا کر بھیج دی جب تک وہ ٹوپی سر پر رہتی درد کو سکون رہتا اور جب اس کو اتارتا پھر درد ہونے لگتا اس کو تعجب ہوا اور کھول کر دیکھا تو اس میں فقط بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا ہوا تھا۔

(۴) جس شخص کے سر میں درد ہو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر تین یا سات بار

یہ دعا پڑھے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ اِسْمُہٗ بَرَکَۃٌ وَّ شِفَآءٌ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ بِیَدِہٖ شِفَآءٌ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ۔

(۵) لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْھَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ (واقعہ ۱۹) تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

(٦) سورۃ التکاثر بعد نماز عصر پڑھ کر دم کرنا آدھے سر کے درد کے لئے نافع ہے۔

(۷) درد نیم سر کیلئے یہ آیت پڑھ کر دم کریں۔ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے ضَرًّا" تک۔

(۸) اتوار کے دن یہ دعا لکھ کر جس کے سر پر درد ہو باندھے انشاء اللہ فوراً صحت یاب ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ اَللّٰھُمَّ اشْفِ فُلَانَ بْنِ فُلَانٍ مِنْ شَرِّ جَمِیْعِ الطَّوَارِقِ وَاَوْجَاعِ الرَّأْسِ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ اِنَّ الْاَمْرَ بِیَدِکَ وَاَذْھِبْ عَنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ جَمِیْعَ الْاَوْجَاعِ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ۔ فلان بن فلاں کے جگہ مریض اور اس کے باپ کا اور فلان بن فلانہ کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

حضرت مالک ابن انس ؓ سے روایت ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق ؓ

نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سر کے درد کی شکایت کی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ حضرت اسماءؓ کے سر کے دوپٹہ پر رکھا اور یہ کلمات تین مرتبہ پڑھ کر درد اور ورم کو جھاڑا۔

"بِسْمِ اللّٰهِ اَذْهِبْ عَنْهَا سُوْٓءَهٗ وَفُحْشَهٗ بِدَعْوَتِ نَبِيِّكَ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْمَتِيْنِ عِنْدَكَ بِسْمِ اللّٰهِ"

اور حضرت اسماء کو حکم دیا کہ تم بھی اس طرح جھاڑنا۔

## نزلہ و زکام کا علاج !!

(۱) اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو گیارہ بار یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلایا جائے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۔

(۲) تین مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر نزلہ و زکام کے مریض پر دم کیا جائے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔

## کانچ نکلنے کا علاج

جن بچوں کی کانچ نکلتی ہے اس کا علاج یہ ہے کہ پوست انار پانی میں جوش دیکر ٹھنڈا ہونے پر اس پانی میں بچے کو بٹھالیں تو بہت نفع کریگا

## گنجاپن کا علاج

○

کسی گنجے پر یہ آیت پڑھ کر تھتکار دیا گیا تھا وہ اچھا ہو گیا۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ سے لِلْمُؤْمِنِیْنَ تک (سورۂ بنی اسرائیل آیت ۱۹)

## علاج برائے درد ابرو

○

(۱) اگر کسی کے ابرو میں درد ہو تو یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

" وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ "

(۲) مقام مرض پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ بہت جلد شفاء ہو گی۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا (اسراء آیت ۱۰۵)

## سدر یعنی چکر آنے کا علاج

○

(۱) اگر اٹھتے وقت حالت ایسی ہو جائے کہ آنکھوں میں اندھیرا آجائے اور سر میں چکر آجائے یہاں تک کے گرنے کے قریب ہو جائے اس کو سدر کہتے

ہیں ایسی صورت میں یہ دعاء لکھ کر مریض کے سر پر باندھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ اَلَمْ تَرَاِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ سے لفظ دَلِیْلاً تک

وَبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

## نظرِبد کا علاج

(۱) اس دعا کو پانی پر دم کر کے پینا اور تعویز بنا کر پہنا دفع نظربد کے لئے نہایت مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ ذَاالسُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ ذَالْمَنِّ الرَّحِیْمِ ذَالْوَجْہِ الْکَرِیْمِ وَلِیَّ الْکَلِمَاتِ وَالدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ فُلَانًا مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ "فلاں کی جگہ اس شخص کا نام لکھے جس پر نظر ہو"

(۲) جس کو نظربد لگ گئی ہو وہ اس دعا کو لکھ کر بازو پر باندھے۔ اور اگر بچہ ہے تو گلے میں ڈالے انشاء اللہ نظربد کا اثر جاتا رہے گا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ لَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(۳) اگر کسی کو اپنے یا اپنے بچے پر نظربد کا اندیشہ ہو تو گیارہ مرتبہ یا حفیظ کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھے کبھی نظر نہ لگے گی۔

(۴) وَمَآ اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ۔

تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرنا یا زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالنا بد نظر سے قطعاً بچہ کو خدا کے فضل سے محفوظ رکھتا ہے عمل مجرب ہے۔

## کمزور بچے کا علاج

(۱) اگر لڑکا یا لڑکی لاغر ہو کر بالکل سوکھ کر کانٹا ہو جائے تو اسم باری تعالیٰ یارحیم گیارہ مرتبہ لکھ کر ہر روز ایک بارپانی میں گھول کر بچہ کو پلائیں اور نام کفار، نمرود، فرعون، ہامان، شداد، قارون، ابلیس، اتوار کے روز کاغذ پر لکھ کر لوہے کی چھانی کے نیچے رکھ کر اوپر بچہ کو بٹھلا کر نہلائے جس وقت نہلا چکے تو ان ناموں کو مٹی میں دفن کردے سات اتوار متواتر اسی طرح کرے انشاء اللہ بچہ بالکل تندرست ہو کر فربہ ہو جائے گا۔

(۲) اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہوتا ہو اس مریض کیلئے ایک ہزار تیرہ مرتبہ اس آیت کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پاؤ بھر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کرکے رکھ دے پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مریض کے بدن پر مالش کیا جائے انشاء اللہ گیارہ دن میں مریض قوی اور تندرست ہوگا۔ فَانْظُرْ اِلٰٓی اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰہِ کَیْفَ یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِہَا اِنَّ ذٰلِکَ لَمُحْیِ الْمَوْتٰی وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

# علاج برائے آشوب چشم

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لتا عَلِیْمٌ تک (پ ۱۸ آیت ۳۵)
لکھ کر آنکھوں کے اوپر لٹکادیں اور کسی پیالے میں لکھ کر اس پر شہد ملکر آنکھ میں ڈالیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۲) یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ سے بِسُلْطَانٍ تک (رحمٰن آیت ۳۳) لکھ کر مریض کے سر پر باندھ لے انشاء اللہ مرض دفع ہوجائے گا۔

(۳) الٓمٓ ۔ الٓمٓصٓ الٓمٓرٰ الٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ طٰسٓ یٰسٓ صٓ قٓ نٓ۔ ان حرف مقطعات کو بترتیب اسلامی ماہ کے پہلے ہفتہ کے دن لکھ کر اگر کوئی پی لے تو سال بھر تک آشوب چشم سے محفوظ رہے گا۔

(۴) پندرہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ اچھا ہوجائے گا
رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

(۵) فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ (سورۃ ق آیت ۲۲)
اس آیت کو مع درود شریف کے سات مرتبہ پڑھ کر انگوٹھوں کے پشت پر دم کرے اور پھر اس کو آنکھوں پر پھیردے تو انشاء اللہ آنکھوں کی ہر تکلیف دور ہوگی۔

(۶) اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرنا آنکھوں کے جملہ امراض کیلئے مفید و مجرب ہے۔

## علاج برائے سرخی آنکھ !!

(۱) اس عزیمت کو جنگلی پیاز کے پتے پر لکھ کر مریض کی پیشانی پر باندھے مجرب ہے ۔

عَزَمْتُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الرَّمَدُ وَالْمَرْمُوْدُ الْمُسْتَمْسِکُ بِعُرُوْقِ الرَّاْسِ بِتَوْرَاتِ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآئَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

(۲) یہ آیات لکھ کر باندھنا بھی مفید ہے ۔
اِذْهَبُوْا بِقَمِیْصِیْ هٰذَا سے بَصِیْرًا تک (یوسف آیت ۹۳) فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآئَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ (سورہ ق آیت ۲۲) ۔

(۳) سورۂ حمزہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرنے سے بھی انشاء اللہ شفا ہوگی ۔

(۴) اگر کسی کی آنکھ میں سرخی ہو تو یہ دعا سات مرتبہ پڑھ کر اس کے آنکھ پر دم کرے انشاء اللہ شفاء ہوگی ۔
اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بَصَرِیْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ ۔

(۵) اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ سے یُرْجَعُوْنَ تک (پ ۷ انعام آیت ۳۶) آنکھوں کے جملہ امراض کیلئے مفید ہے زعفران و گلاب سے ہتھیلی پر لکھ کر چاٹ لے تین دن تک ایسا کرے ۔

## گوہانجنی چشم کا علاج

O

جو آنکھ کی پلکوں اور کونوں پر ہوتی ہے اور بہت تکلیف دیتی ہے یہ سرخ رنگ کی پھنسی ہوتی ہے۔ اور اس میں خارش ہوتی ہے۔ بیری کے سات سبز پتے لیکر ایک بانس کی پتلی سی تیلی سلائی کی طرح کی لیں اور ایک پتے پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کرے اور پتے کو پھنسی سے مس کرکے تیلی میں پرولیں اس طرح ساتوں پتوں پر ایک ایک بار بسم اللہ پڑھ کر دم کرکے پھنسی سے لگا کر ایک ایک پرولیں پھر اس تیلی کو کسی اونچی جگہ دیوار وغیرہ میں گاڑیں انشاء اللہ ایک آدھ روز میں پھنسی سے آرام ہوجائے گا۔

## برائے ناخونہ

O

(۱) تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے انشاء اللہ ناخونہ ختم ہوجائے گا۔

(۲) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْفَانَهٗ مَدْحُوْمَانَهٗ مَلَطُوْسَانَهٗ طِيْرَانَهٗ أَيُّهَا الطَّيْرُ بِحَقِّ حَقِّ اللّٰهِ وَبِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ إِلٰى خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور سورۂ اخلاص کسی ہڈی پر لکھ کر آنکھ پر باندھے اور سات مرتبہ آیت اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ (پ ۱۸ آیت ۳۵) پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ شفاء ہوگی ۔

## علاج برائے موتیا بند !!

ہر فرض نماز کے بعد یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرا جائے موتیا بند کیلئے مفید ہے۔

"فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ"

(۲) سورہ یاسین پڑھ کر سرمہ پر دم کرکے آنکھوں میں لگایا جائے تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

## شبکوری (رتوندا) کا علاج !!

(۱) اگر کسی کو شب کوری کا مرض ہوگیا ہو تو سورۂ قیامۃ سرمہ پر دم کرکے آنکھوں میں لگائے انشاء اللہ مرض دور ہوجائے گا۔

(۲) اگر کسی کو دن کا رتوندا ہوجائے یعنی اس کو دن میں دکھائی نہ دیتا ہو تو اس کے لئے صبح و شام سو سو مرتبہ یہ آیت پڑھنا نہایت مفید ہے۔

وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ (یوسف آیت ۲۱)

(۳) کلمات ذیل تین ہڈیوں پر لکھیں اور کسی اندھیری جگہ میں مریض کو کھلائیں کلمات یہ ہیں۔

"اتصطلاکبس الطلکلاکف المیکیکیف کیکیف"

(۴) بکری کا کلیجہ لیکر اس کے سات ٹکڑے کرے اور ان کو بھون لے اور ہر ایک ٹکڑے پر سورۂ اخلاص تین بار پڑھ کر دم کرے اور اسے کھلائے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

## آنکھ کے پھڑکنے کا علاج !!

جس کی آنکھ پھڑکتی ہو اس کے لئے ان مُبارک آیتوں کا سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے منہ پر دم کرنا اور سات مرتبہ دوبارہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا انشاء اللہ فوراً مرض اور تکلیف کو زائل کرتا ہے۔ فَلَآ اُقۡسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ وَالَّيۡلِ وَمَا وَسَقَ ۙ وَالۡقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ لَتَرۡكَبُنَّ طَبَقًا عَنۡ طَبَقٍ ؕ فَمَا لَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ۙ

## آنکھوں کی روشنی کا علاج !!

(۱) ہر نماز کے بعد اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگانے سے بصارت بڑھتی ہے۔ فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ (ق آیت ۲۲)۔

(۲) ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ یا نور پڑھ کر شہادت کی انگلی پر پھونک کر آنکھوں پر پھیر لیں ضعف بصر کیلئے مفید ہے۔

(۳) سورۂ قدر کو جو باوضو ہو کر آسمان کی طرف نظر کر کے پڑھے اس کی بصارت میں کبھی کمی نہیں ہو گی۔

## آنکھوں کے جالے کا علاج !!

سورۂ تکویر پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے جالا دفع ہو گا۔

# علاج برائے نکسیر

(۱) وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

کتان کے کپڑے پر لکھ کر ہاتھ پر باندھو۔

(۲) مریض کی پیشانی پر لِكُلِّ نَبَإٍ مُسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ لکھنے سے بھی انشاء اللہ نکسیر بند ہوگی۔

(۳) إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ سے غَفُورًا تک (سورۃ فاطر آیت ۴۱) اور وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ

ان آیتوں کو لکھ کر مریض کے سر پر باندھے اور اپنا ہاتھ اس کے سر پر رکھ کر ان آیتوں کو پڑھے بھی بعد تلاوت یہ دعا پڑھے کُفَّ أَيُّهَا الرُّعَافُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ الْعَزِيزِ الْجَبَّارِ بہت ہی مجرب ہے۔

(۴) جسے نکسیر ہو اسے یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ خون کا آنا بند ہوجائے گا۔

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ أَفَإِنْ مَاتَ أَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ (آلِ عمران آیت ۱۴۴)

(۵) اس آیت کو لکھ کر مریض کی دونوں آنکھوں کے درمیان ناک پر باندھیں۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِئْنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ ۔

(٦) نکسیر والے کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیتیں پڑھو اور آخر میں یہ کہہ دو کہ اے نکسیر بند ہو جا بحکم واحد قہار عزیز و جبار آیتیں یہ ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ سے حَلِیْمًا غَفُوْرًا تک (فاطر آیت ۴۱) اور وَقِیْلَ یٰاَرْضُ سے الظّٰلِمِیْنَ تک (ہود آیت ۴۴)

## بچوں کی قے کا علاج

السی کے پاک کپڑے میں دُعا ذیل لکھ کر بچے کے بازو پر باندھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ بِسْمِ اللّٰہِ شِفَآءٌ مِّنْ کُلِّ دَآءٍ وَقِیْلَ یٰاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآئَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَقِیْلَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ؕ

## جو بچہ چل نہ سکے اس کا علاج

اسم حق تعالیٰ اَلْمَتِیْنُ ہرن کی جھلی پر لکھیں اور خوشبو کا بخور دے کر اس بچے کے گلے میں جو لُولا ہو ڈالیں تو اس کو قوت رفتار حاصل ہوگی

## ناک یا ہونٹ پر خبیث پھنسی کا علاج

بعض اوقات ہونٹ یا ناک پر اول خفیف سی زہریلی پھنسی ہوتی ہے ہونٹ پر ہو تو اس کا زہر انتڑیوں تک بھی ہو جاتا ہے اور منہ میں چھالے ہو جاتے ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل خاص مجرب ہے۔

ایک چمڑے کا تسمہ جو پاک ہو لیکر یہ عمل پڑھیں باوضو اول درود تین بار پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور سورہ فاتحہ پڑھ کر ایک گرہ اس چمڑے کے تسمہ میں دیدیں اور گرہ پر دم کریں اسی طرح سات گرہ بنادیں یہ تسمہ مریض کے گلے میں پہنادیں جس کو ہمیشہ نکلتی ہو اس کو بھی انشاء اللہ نہ نکلے گی اور جس کو نکلی ہو صحت ہوگی۔

### ہونٹ اور جلد کے پھٹ جانے کا علاج

(۱) سورۂ ضحیٰ ابتداء سے فَهَدٰی تک اور سورۂ زلزال اِذَا زُلۡزِلَتِ سے اَشۡتَاتًا تک تین تین مرتبہ پڑھے اور پڑھنے والا پڑھتے وقت اپنا ہاتھ پھٹے ہوئے جگہ پر رکھے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا اور تندرستی حاصل ہوگی۔

(۲) پھٹی ہوئی جلد کو ہاتھ سے آپس میں ملا کر پکڑ لیویں اور اس پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ سے یَخۡرُجُ مِنۡۢ بَیۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ تک (سورۂ طارق) اور بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سَبِّحِ اسۡمَ رَبِّکَ الۡاَعۡلٰی سے فَهَدٰی تک (سورۂ اعلیٰ) پڑھے اور لفظ فہدیٰ کو بار بار پڑھتے حتیٰ کہ درد ختم ہو جائے اللہ کے حکم سے بہت مجرب ہے۔

5

## منہ کی پھنسیوں کا علاج

(۱) سورۂ کوثر اکیس مرتبہ بادام پر پڑھ کر اسے گھس کر پھنسیوں اور چھالوں پر لگایا جائے انشاء اللہ ٹھیک ہو جائیں گی۔

(۲) سورۂ الضحیٰ اکتالیس بار چینی پر دم کر کے چبانے سے انشاء اللہ تمام پھنسیاں اور چھالے ختم ہو جائینگے۔

(۳) سورۂ اخلاص چینی پر اکتالیس بار دم کر کے استعمال کرنا بھی چھالوں کیلئے مفید ہے۔

(۴) وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ سے أَمْتًا تک (طٰہٰ ۱۰۵ تا ۱۰۷)

جو پھوڑا پھنسی وغیرہ بدن میں ہو جائے اس آیات کو ایک پاک برتن میں سیاہی سے لکھ کر روغن بنفشہ سے دھو کر اس جگہ ملے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو گی۔

## بچے کے غصہ کا علاج

ایک ٹھیکری پر اسماء ذیل حق، حی، بارئ، حسیب، حکیم، معید، حفیظ، حلیم، قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا وَسَلَامًا وَسَلَامًا لکھ کر آگ میں گرم کر کے پانی میں بجھا کر وہ پانی بچے کو پلائیں انشاء اللہ غصہ جاتا رہے گا۔

## بستر پر پیشاب کرنے کا علاج

اگر پیشاب بستر پر نکل جاتا ہو تو سات مرتبہ یہ آیت لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے انشاء اللہ شفاء ہو گی يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ

## نقص کلام کا علاج

اگر کوئی شخص ٹھیک سے بولنے پر قادر نہ ہو تو پانچوں نمازوں کے بعد اکیس اکیس مرتبہ یہ آیات پڑھنا بہت مفید ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

(۲) انہی آیات کو اکتالیس دن تک روزانہ اکتالیس مرتبہ چینی پر دم کرکے چبانا نقص کلام دور کرنے کے لئے مفید ہے۔

(۳) سورۂ بنی اسرائیل کو زعفران سے لکھ کر دھو کر پلانے سے زبان کی بندش انشاء اللہ دور ہو جائے گی۔

(۴) فجر اور مغرب کی نماز کے بعد سورۂ وَالتِّیْنِ اکیس اکیس مرتبہ پڑھی جائے انشاء اللہ زبان میں جو کچھ نقص ہو گا دور ہو جائے گا۔

(۵) مغز بادام پر ایک سو بار یہ آیات پڑھ کر دم کرکے کھلانا لکنت کیلئے بہت مفید ہے رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

(۶) سورۂ دھر کو بکثرت پڑھے تو علم کی باتیں اس کی زبان پر جاری ہوں۔

## زبان کی سوجن کا علاج

(۱) اکتالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَاج وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ

(۲) زبان کی سوجن پر تین سو مرتبہ اسم باری تعالیٰ یَا مُؤْمِنُ پڑھ کر دم کرنے سے سوجن جاتی رہے گی۔

## آماس گلو (گلے کی سوجن) کا علاج

(۱) آماس گلو کے لئے یہ آیت لکھ کر گلے میں لٹکانا بہت مفید ہے فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ سے صٰدِقِیْنَ تک (سورۂ واقعہ آیت ۸۳ تا ۸۷)۔

(۲) برائے آماس گلو بروز دو شنبہ یا جمعہ کو لکھ کر اس تعویذ کو گلے میں باندھے انشاء اللہ بہت جلد شفاء ہوگی وہ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لِیَ اللّٰہُ لِیَ اللّٰہُ ھُوَ نُوْرٌ کَعُ فِی اللَّوْحِ۔

## حلق کی خراش، ورم اور درد کا علاج

(۱) یہ دعا لکھ کر پہننا گلے کی تمام بیماریوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مُغِیْثًا بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

(۲) اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے یُؤْمِنُوْنَ تک (انبیاء آیت ۳۰) اور قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ سے آخر تک (یٰسین آخر) پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے۔

(۳) گلے کے ورم اور درد کیلئے بروز اتوار بوقت فجر یہ آیت باوضو لکھ کر گلے میں باندھنا مفید ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْھَا نُعِیْدُکُمْ وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَۃً اُخْرٰی (طٰہٰ ۵۵) کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔

## دردِ گردن کا علاج

(۱) گردن کے درد کیلئے یہ آیت کسی کاغذ یا کپڑے پر لکھ کر گلے میں لٹکایا جائے مفید ہے۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِیَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۔

(۲) بعد نماز فجر اکتالیس مرتبہ یہ آیات پڑھ کر گردن پر دم کیا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

## کان کے درد کا علاج

(۱) اگر کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ؁

(۲) جس کے کان میں درد ہو اس پر اسم باری تعالیٰ یَا سَمِیْعُ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۳) کسی کے کان میں درد ہو تو یہ آیت پڑھ کر دم کیا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مجرب ہے۔ كَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِیْٓ اُذُنَیْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۔

(۴) تین بار یَا سَمِیْعُ پڑھ کر روئی پر دم کر کے کان میں رکھے فائدہ ہوگا انشاء اللہ ۔

(۵) وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا

(بنی اسرائیل آیت ۱۰۵)

ہر مرض اور ہر درد کے واسطے مقام مرض پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ بہت جلد شفاء ہوگی۔

(۶) سرسوں کے تیل پر تین مرتبہ یہ دعا پڑھ کر جس کے کان میں مچھر وغیرہ کے گھسنے کی وجہ سے تکلیف ہو ڈالو انشاء اللہ تمام تکلیف دور ہو جائے گی۔

یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ اَخْرِجِ الْبَعُوْضَۃَ مِنْ اُذُنٍ

(۷) جو شخص ہر چھینک کے وقت یوں کہے گا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّا کَانَ اس کو کبھی درد دندان، وردرد سر، دگوش نہ ہوگا۔

## کان کے گونجنے اور بجنے کا علاج

(۱) کان میں جو گونج پیدا ہو جائے تو سورۂ اعلیٰ (پ ۳۰) پڑھ کر اس پر دم کرنے سے وہ زائل ہو جائیگی۔

(۲) اگر کسی کے کان بجتے ہوں تو یہ آیات پڑھ کر دم کی جائیں مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ سے آخر سورۃ تک (سورۂ فتح آخری رکوع)۔

(۳) ان ہی آیات مذکورہ کو روغن گل پر دم کر کے کان میں ٹپکایا جائے انشاء اللہ کان کا بجنا بند ہو جائے گا۔

## کان کے بہنے اور بہراپن کا علاج

(۱) اگر کسی کا کان بہتا ہو تو سورۂ اعلیٰ تین بار پڑھ کر کان میں دم کیا جائے۔

(۲) جس کا کان بہتا ہو اس کے کان پر ہاتھ رکھ کر یہ آیات پڑھی جائیں انشاء اللہ کان بہنا بند ہو جائے گا۔

لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ سے آخر سورہ تک (سورۂ حشر)

(۳) اگر کوئی شخص اونچا سنتا ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کیا جائے۔
وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۔

## چہرے کے کیل مہاسوں کا علاج

لیموں کا رس تین دفعہ کپڑے سے چھنا ہوا دو تولہ، عرق گلاب سے آتشہ دو تولہ، گلیسرین بڑھیا والی دو تولہ، تینوں چیزوں کو ایک شیشی میں ڈال کر یک جا کر لیں۔ چہرے کی خوبصورتی بڑھانے کے لئے ایک بہترین چیز تیار ہے دن میں کم از کم تین مرتبہ استعمال کرنا چہرے کے داغ مہاسے کیل وغیرہ کے دفعہ کے لئے بے حد مفید ہے چہرے کی رنگت نکھر آتی ہے، اور جلد ریشم کی مانند ملائم ہو جاتی ہے۔

## چہرے اور پشت کے مسوں کا علاج

بعض لوگوں کے بدن کے اکثر حصے پر مسے ہو جاتے ہیں اور بدنما معلوم ہوتے ہیں اس کے ختم کرنے کے مختلف طریقے اختیار کرتے ہیں اعمال کے منکر اس مندرجہ ذیل عمل کو آزما کر دیکھ لیں انشاء اللہ بلا تکلیف مسے جھڑ جائیں گے۔ مونجھ کی غیر مستعمل رسی لیں پھر جتنی تعداد میں مسے ہو اتنی ہی گانٹھیں اس پر دیں گرہ دیتے وقت مریض مسے پر شہادت کی انگلی رکھے اور عمل کرنے والا یہ آیت
فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
صرف اتنا کلمہ پڑھے دم کرنے کی ضرورت نہیں پھر دوسرے مسے پر انگلی رکھے اور عامل آیت کا حصہ پڑھے اسی طرح جتنی ضرورت ہو عمل کرکے رسی کو لپیٹ لیں اور کسی اروڑی پر گندے ملبے کے ذخیرہ کے اندر دبا دیں جہاں کم

سے کم دو ہفتے دبی رہے اس سے پہلے ہرگز نہ نکالیں تین چار روز کے بعد سے
از خود گرنے شروع ہوجائینگے اور چند دنوں میں جلد صاف ہوجائیگی۔

## جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیتا ہو اس کا علاج

یہ آیت لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

(۲) اس آیت کو لکھ کر اس بچّہ کے گلے میں ڈالنا یا کورے برتن میں لکھ کر

اس میں پانی ڈال کر وہ پانی اس بچہ کو پلانا نہایت مفید ہے۔ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

(۳) اگر بچّہ روتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو ایک کاغذ پر ان مُبارک آیتوں کو لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے۔ وَهٰذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ.

## بچے کے ڈرنے کا علاج

(۱) سورۂ مدثر کی ابتدائی سات آیات خواب میں ڈرنے رونے اور نیند اچاٹ ہوجانے کے دفعیہ کے لئے ایک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں نہایت مجرب ہے

## دانت کے ہلنے کا علاج

(۱) لفظ "لا یعلمون" ہلتے ہوئے دانتوں کے نیچے لکھ کر رکھنا اور اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔

(۲) مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نفل برائے ایصال ثواب سیدنا حضرت اویس قرنیؒ اس طرح پڑھی جائے کہ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے انشاء اللہ دانتوں کا ہلنا بند ہوجائے گا ۔

## علاج برائے درد دانت

(۱) کسی کے دانت میں درد ہو تو یہ آیات پڑھ کر دم کریں درد فوراً ختم ہوگا مجرب ہے۔

قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○

(۲) سورۂ فاتحہ پڑھ کر درد رسیدہ دانت پر دم کرنا بھی بہت مفید ہے ۔

(۳) لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ چھوٹے سے کاغذ پر لکھ کر دانت کے نیچے دبائے مجرب ہے ۔

(۴) سورۂ لہبؔ کو اگر لکھ کر درد کی جگہ رکھا جائے تو درد ختم ہوجائے گا ۔

## دانت کے کیڑے کا علاج

جس کے دانت کو کیڑا لگ گیا ہو ایک کپڑا لے کر اسے زور سے مروڑے اور ساتھ ہی یہ الفاظ پڑھتا جاوے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا اور دم کرے جس وقت کپڑا اچھی طرح مروڑا جائے تو چھوڑ دے اس طرح تین مرتبہ کرے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

## علاج برائے درد داڑھ

(ا) کسی کے داڑھ میں درد ہو تو وہ اس عمل کو کاغذ پر لکھ کر جس داڑھ میں درد ہو اس کے نیچے دبائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا نہایت مجرب ہے۔

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَهٗ قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ قُلْ یُحْیِیْهَا الَّذِیْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِیْمُ ۝ محوصه سمه وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ جهکر طکوم طسم طس طسم حم حم حم حم حم حم حم اُسْکُنْ اَیُّهَا الْوَجْعُ بِالَّذِیْ سَکَنَ لَهٗ مَافِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

الیقس نقس قسا مسقس ان البھر بھر ھر اور اب۔

(۲) یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر جس کے داڑھ میں درد ہو اسے دم کیا جائے نہایت مجرب ہے !!۔

الٓمّٓصٓ طٰسٓمٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ بِکٓھٰیٰعٓصٓ ذِکْرُ رَحْمَةِ رَبِّکَ عَبْدَهٗ زَکَرِیَّا اُسْکُنْ بِالَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ الرِّیَاحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَهْرِهٖ اُسْکُنْ بِالَّذِیْ سَکَنَ لَهٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

## درد سینہ کا علاج

یہ آیتیں لکھ کر سینے پر باندھنا سینے کے درد کیلئے بے حد مفید ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ ذٰلِكَ تَخۡفِيۡفٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَرَحۡمَةٌ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلۡـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنۡكُمۡ وَعَلِمَ اَنَّ فِيۡكُمۡ ضَعۡفًا بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ يُرِيۡدُ اللّٰهُ اَنۡ يُّخَفِّفَ عَنۡكُمۡ وَخُلِقَ الۡاِنۡسَانُ ضَعِيۡفًا بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِىۡ عَنِّىۡ فَاِنِّىۡ قَرِيۡبٌ اُجِيۡبُ دَعۡوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلَمۡ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيۡفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوۡ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ۔

(۲) حافظ ابن عساکر فرماتے ہیں کہ سینے کے درد کیلئے مندرجہ ذیل آیتیں لکھ کر باندھنا بہت ہی مفید و مجرب ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ كٓهٰيٰـعٓصٓ ذِكۡرُ رَحۡمَتِ رَبِّكَ عَبۡدَهٗ زَكَرِيَّا اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا قَالَ رَبِّ (تا) شَقِيًّا اور اَلَمۡ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيۡفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوۡ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا كٓهٰيٰـعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ كَمۡ لِلّٰهِ مِنۡ نِعۡمَةٍ فِىۡ كُلِّ عَبۡدٍ شَاكِرٍ وَّغَيۡرِ شَاكِرٍ وَكَمۡ لِلّٰهِ مِنۡ نِعۡمَةٍ فِىۡ عِرۡقٍ سَاكِنٍ وَغَيۡرِ سَاكِنٍ اِذۡهَبۡ اَيُّهَا الصُّدَاعُ بِعِزَّةِ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوۡرِ وَجۡهِ اللّٰهِ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِىِّ الۡعَظِيۡمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيۡنَ وَالۡمُرۡسَلِيۡنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ ۔

(۳) سینہ کے درد کیلئے یہ آیت لکھ کر گلے میں پہنا بہت مفید ہے۔ اَفَمَنۡ شَرَحَ اللّٰهُ صَدۡرَهٗ لِلۡاِسۡلَامِ ۔

(۴) سات مرتبہ آب زمزم پر یہ آیت پڑھ کر مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۔

## دمہ کا علاج

اسم باری تعالیٰ اَلشَّکُوْرُ جس کو ضیق النفس (دمہ) ہو اس کو لکھ کر بدن پر پھیر دے اور پئے تو نفع ہو گا ۔

(۲) آیت الکرسی خَالِدُوْنَ تک لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

(۳) سورۂ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے بہت مفید ہے ۔

## پھیپھڑے کے درد کا علاج

اگر کسی کے پھیپھڑوں میں درد ہو یا پانی بھر گیا ہو تو اول و آخر تین تین بار درود شریف اور گیارہ بار یہ آیتیں پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک مسلسل مریض کو پلایا جائے نہایت مجرب ہے اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ سے مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ تک (سورۂ رحمن) ۔

(۲) سورۂ یٰسین ابتداء سے پہلے مبین تک سات بار پانی پر دم کر کے پھیپھڑے کے مریض کو پلایا جائے اور لکھ کر اس کے گلے میں ڈالا جائے بہت نافع ہے ۔

بلغم اور کھانسی کا علاج

(۱) سورۂ زخرف کو لکھ کر پھر بارش کے پانی سے دھو کر پلانے سے کھانسی دفع ہو جاتی ہے انشاء اللہ۔

(۲) اگر کسی کو کھانسی ہو جائے تو یہ آیت اکیس مرتبہ سادہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ۔

(۳) اگر کسی کو کالی کھانسی ہو جائے تو سات دن تک اکتالیس مرتبہ سورۂ الم نشرح پانی پر دم کر کے پلایا جائے اور اسی سورت کو لکھ کر گلے میں لٹکائے انشاء اللہ شفاء ہوگی مجرب ہے۔

(۴) سورۂ غاشیہ تین بار پانی پر دم کر کے پلانے اور اسی کو لکھ کر گلے میں پہنانے سے کالی کھانسی ختم ہو جائے گی بہت مفید ہے۔

دردِ دل کا علاج

(۱) آیت الکرسی پاک صاف برتن پر تین بار لکھیں پھر صاف پانی سے دھو کر پلائیں اور وہ پیتے وقت یوں کہے کہ میں نیت کرتا ہوں کہ اللہ مجھے دردِ دل سے شفا بخشے انشاء اللہ شفاء پا جائیگا۔

(۲) سورۂ الم نشرح کو سینہ پر دم کرنے سے تنگی اور دردِ دل کو سکون ہوتا ہے۔

(۳) اس آیت کو مٹی کے نئے برتن میں زعفران و گلاب سے لکھ کر پلادے انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِّنْ غِلٍّ (اعراف آیت ۴۳)

(۴) چینی کی پلیٹ پر سورۃ فاتحہ لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی دل کے مریض کو پلایا جائے۔ بفضلہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔

## دل کی گھبراہٹ اور ہول دل کا علاج

یہ آیات کاغذ پر لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویذ قلب پر رہے یا کرتہ وغیرہ میں اس جگہ ٹانکہ لگائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ وَرَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ لَوْلَا اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰی قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ ۔

(۲) لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ وَیُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ۔ (انفال ۱۱)

ہول دل کیلئے نہایت مجرب ہے لکھ کر گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ تعویذ دل پر پڑا رہے۔

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ سے یَجْمَعُوْنَ تک (یونس ۵۸) ہول دل کیلئے نافع ہے۔

(۳) دل کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھنا اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلانا بہت مفید ہے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ○

(۵) یہ آیت پانی پر دم کر کے سات دن تک پلانا دل کے تمام امراض کے

لئے فائدہ بخش ہے۔

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰہُ رَسُوْلَہُ الرُّؤْیَا بِالْحَقِّ سے آخیر سورت تک (سورۂ فتح)

## دل کی دھڑکن کا علاج

(۱) جس شخص کو دھڑکن کی شکایت ہو تو ان آیات مبارکہ کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور اس کا ڈورا اتنا لمبا رکھا جائے کہ تعویذ مریض کے دل پر پڑا رہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ وَرَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِھِمْ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰی قَلْبِھَا لِتَکُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ ○

(۲) وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ سے مُبْصِرُوْنَ تک (اعراف ۲۰۰ تا ۲۰۱) کو گلاب اور زعفران سے جمعہ کے روز طلوع شمس کے وقت سات پرچوں پر لکھ کر ہر روز ایک پرچہ نگل جائے اور اس پر ایک گھونٹ پانی پی لیوے انشاء اللہ مرض دفع ہو جائے گا۔

(۳) سورہ الم نشرح پاک برتن میں لکھ کر آب زم زم یا بارش کے پانی سے دھو کر پی لیوے انشاء اللہ یہ بیماری دور ہو جائیگی۔

(۴) یہ آیت کسی چینی کے برتن میں لکھیں اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر پئیں تو دل کی دھڑکن کو فائدہ ہوتا ہے۔ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ (سورۂ حشر آیت ۲۱)

(۵) سورۂ قریش چینی کی طشتری پر لکھ کر پلانا بہت مفید ہے۔

## درد جگر کا علاج

(۱) یہ آیات لکھ کر مریض کو پلائیں اور اس کی چارپائی پر لٹکائیں۔

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے اَلْاٰصَالِ تک (سورۂ نور ۳۵ تا ۳۶) اور

اِرْتَفِعْ اَیُّھَا الْوَجَعُ وَالرِّیْحُ مِنْ جَوْفِ کَذَا وَ کَذَا بِالَّذِیْ رَفَعَ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ وَبِالَّذِیْ رَفَعَ اِدْرِیْسَ مَکَانًا عَلِیًّا بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(۲) آیت الکرسی تین بار پاک و صاف برتن پر لکھیں پھر صاف پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور مریض پیتے وقت یہ کہے کہ میں نیت کرتا ہوں کہ اللہ مجھے ضعف جگر سے شفاء دے۔

(۳) یہ آیت لکھ کر درد کی جگہ پر باندھا جائے اور اسی کو بارش کے پانی پر دم کر کے ایک ہفتہ تک پلایا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا بہت مجرب ہے۔

اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ۔

(۴) جگر کی تمام بیماریوں کیلئے اکیس بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا نافع ہے۔

تَبَارَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

## بد ہضمی کا علاج

(۱) اگر کوئی شخص زیادہ کھالے اور بد ہضمی کا اندیشہ ہو تو کھانے کے بعد ہاتھ سے اپنے پیٹ کو سہلاتا ہوا اوپر سے نیچے کو لائے اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھے

انشاء اللہ بدہضمی نہیں ہوگی مجرب ترین عمل ہے تا آنکہ ہیضہ میں بھی مفید ہے۔

لَقَدْ لَقِيْنَا لَيْلَةً عِبْدِيْ يَاكُرْشِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْ سَيِّدِيْ اَبِيْ عَبْدِاللّٰهِ الْقُرَشِيِّ

(۲) سات بار یہ آیت نمک پر دم کر کے کھلایا جائے بدہضمی کیلئے مفید ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

## پیٹ کے درد کا علاج

(۱) سورۃ قصص اور سورۃ لقمان پانی پر دم کر کے پلانا پیٹ کے درد کے لئے نہایت اکسیر ہے۔

(۲) یہ آیت پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ہاتھ سے پیٹ ملے اگر درد جاتا رہا تو خیر ورنہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ

(۳) یہ دعا پیٹ کے درد کو دور کرنے کیلئے مجرب ہے اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس مبارک دعا کو لکھ کر پلائیں فی الفور درد موقوف ہوجائے گا۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَاَنَا الْمَبْسُوْطُ فَمَنْ يَّدَعُ الْمَبْسُوْطَ اِلَّا الْبَاسِطُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ

(۴) وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ سے يَعْمَلُوْنَ تک (یونس ۱۲)

مٹی کے کورے پاک برتن پر اس آیت کو سیاہی سے لکھ کر اور برتن کو

روغن زیتون سے بھر کر اس سے حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کر کے اس کی مالش کرنے سے پنڈلیوں اور پسلی و پیٹ کا درد جاتا رہتا ہے۔

(۵) آغاز سورۂ ق سے الخروج آیت آ انک لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پینے سے درد پیٹ دفع ہو۔

(۶) مریض کو اوندھا لٹا دے اور سورۂ اخلاص باوضو چالیس بار پڑھ کر دم کرے مجرب ہے۔

(۷) سات مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں خواہ کیسا ہی درد ہو انشاء اللہ فوراً دور ہو جائے گا اور سات بار فاتحہ پڑھ کر پیٹ پر دم کرے۔

## درد قولنج

جس کسی کو قولنج کا درد ہوتا ہو ایک سو دفعہ پانی پر یَا مُقِیتُ دم کر کے مریض کو پلایا جائے۔ بفضلہ تعالیٰ درد ہمیشہ کے لئے جاتا رہے گا۔

## بھوک کی زیادتی کا علاج

(۱) گیارہ بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانے سے بھوک کی زیادتی ختم ہو جائے گی۔ وَفِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ۔

(۲) تین سو مرتبہ اسم باری تعالیٰ یا صمد کھانے پر دم کر کے کھلانا بھوک کی زیادتی کو دفع کرتا ہے۔

## ہچکی کا علاج

تین سانس میں پانی پیئے اور ہر سانس پر سات مرتبہ یا حفیظ کہے انشاء اللہ ہچکی بند ہو جائیگی۔

## دست آنے اور پیچش کا علاج

(۱) اگر کسی کو دست آتے ہوں تو سات دن تک یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے نہایت اکسیر ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ۔

(۲) جسے دست آرہے ہوں اسے پہلے دن بسم اللہ اور دوسرے دن بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لکھ کر پیٹ پر باندھا جائے۔

(۳) جس شخص کو خون کے دست درد کے ساتھ آتے ہوں اس کے لئے روزانہ یہ آیت کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلائیں اور بچے ہوئے کاغذ کو بھی چبا کر کھالیں انشاء اللہ بہت جلد شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

(۴) سورۂ دخان لکھ کر پینے سے پیچش دفع ہوتی ہے۔

## ناف کے ٹل جانے اور درد کا علاج

(۱) جس شخص کی ناف ٹل جاتی ہو اس کو چاہیئے کہ یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر ناف کی جگہ موم جامہ کرکے باندھیں انشاء اللہ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر ناف نہ ٹلے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ۝

(۲) ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ (بقرۃ ۱۷۸)

جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوجائیگی۔

## بھوک کی کمی کا علاج

(۱) اگر بھوک کم لگتی ہو تو اکتالیس مرتبہ یہ آیت کھانے پر دم کرکے کھلایا جائے۔

هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ ○

(۲) اگر بھوک بالکل نہ لگتی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ بھوک خوب لگے گی مجرب ہے۔ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ۔

(۳) اکتالیس بار یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانے سے انشاء اللہ بھوک خوب لگے گی قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ○

## درد معدہ کا علاج

(۱) معدہ کے درد کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں اور چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلایا جائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ

(۲) سورۂ یٰسین بارش کے پانی پر دم کرکے گیارہ دن تک معدہ کے مریض کو پلانا نہایت اکسیر ہے۔

(۳) اگر فم معدہ میں درد ہو تو گیارہ روز تک یہ آیت گیارہ بار پانی پر دم کرکے پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں لٹکایا بھی جائے انشاء اللہ درد بالکل ختم ہو جائے گا اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔

## درد کمر کا علاج

اِنَّ الَّذِیۡنَ سے تُوۡعَدُوۡنَ (انبیا ۱۰۱-۱۰۳) ایک پاک برتن میں سیاہی سے لکھ کر اس کنویں کے پانی سے دھویں جس پر دھوپ نہ آتی ہو اور تین گھونٹ مریض کو پلادیں اور درد کی شدت کے وقت بقیہ اس کی کمر پر چھڑک دے تین دن اسی طرح کرے۔ یا روغن بابونہ سے دھو کر درد کمر اور زانوں کے واسطے مالش کرے انشاء اللہ آرام آئے گا۔

(۲) درد کمر کے واسطے الحمد شریف ایک پاک برتن میں لکھے اور روغن بلسان سے اسے دھو کر اور سات مرتبہ اس تیل پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور تیل کو کمر پر دو تین روز مالش کرے مفید ہے۔

(۳) جسکی کمر میں درد ہو سات طشتریوں پر ان مبارک آیتوں کو لکھ کر روغن زیتون سے آیتوں کے نقش کو زائل کر کے درد کی جگہ ملنا نہایت مفید عمل ہے۔ قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ تَزَکّٰی وَذَکَرَ اسۡمَ رَبِّہٖ فَصَلّٰی بَلۡ تُؤۡثِرُوۡنَ الۡحَیٰوۃَ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ وَّاَبۡقٰی اِنَّ ھٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الۡاُوۡلٰی صُحُفِ اِبۡرٰھِیۡمَ وَمُوۡسٰی۔

## پہلو اور پسلی کے درد کا علاج

یہ آیت لکھ کر پہلو پر باندھے اور ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الَّذِیۡنَ یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰہَ قِیٰمًا وَّقُعُوۡدًا وَّعَلٰی جُنُوۡبِہِمۡ وَیَتَفَکَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ ھٰذَا بَاطِلًا سُبۡحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

(۲) وَاِنۡ یَّمۡسَسۡکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗۤ اِلَّا ھُوَ سے الۡحَکِیۡمُ الۡخَبِیۡرُ

تک (انعام ۱۷ تا ۱۸)

یہ آیتیں کاغذ پر لکھ کر جس شخص کو پہلو کا درد ہو باندھ دیں تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۳) وَاِذَامَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ سے یَعْمَلُوْنَ تک (یونس ۱۲)

مٹی کے کورے برتن پر اس آیت کو سیاہی سے لکھ کر اور برتن کو روغن زیتون سے بھر کر اس سے حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کرکے اس کی مالش کرنے سے پسلی کا درد جاتا رہتا ہے۔

## درد گردہ و مثانہ کا علاج

(۱) سورۂ قریش کو کھانے پر دم کرکے کھلانا درد گردہ کیلئے نافع ہے۔

(۲) درد گردہ کیلئے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔

وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ حَتّٰىٓ اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○

(۳) مثانہ کے درد میں اکتالیس مرتبہ یہ آیت عرق گلاب پر دم کرکے پلانا بہت مفید ہے۔

اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ

(۴) یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ لکھ کر مع کاغذ کے چبا کر نگل جانا نہایت ہی مجرب ہے۔

## متلی و قے آنے کا علاج

(۱) مندرجہ ذیل کلمات زبان سے کہے انشاء اللہ تکلیف دور ہو جائیگی۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد المناف ۔

(۲) یہ آیت لکھ کر نہار منہ سات روز پلادیں وَ قِیْلَ یٰاَرْضُ ابْلَعِیْ آخر آیت تک (ھود — آیت ۴۴)

(۳) یہ لکھ کر مریض کے پیٹ پر باندھیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ اَسْاَلُکَ اللّٰھُمَّ بِحَقِّ مَلٰٓئِکَتِکَ الصُّفُوْفِ وَالْحَشْرِ یَوْمَ الْوُقُوْفِ اِرْحَمْ عَبْدَکَ مِنَ الْقَیِّ عَلٰی نِعَمِ الْکُفُوْفِ اِنَّکَ رَبٌّ مَعْرُوْفٌ وَسِرِّیْ اِلَیْکَ مَکْشُوْفٌ عَافِ فُلَانَ ابن فَلانَۃَ لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ۔

فلان بن فلانہ کی جگہ مریض اور اسکی ماں کا نام لکھے۔

(۴) گیارہ بار یہ آیت نمک پر دم کرکے چٹایا جائے انشاء اللہ متلی آنا بند ہو جائے گی۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَۃُ ○ لَیْسَ لِوَقْعَتِھَا کَاذِبَۃٌ سے اُولٰٓئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ تک (سورۂ واقعہ) ۔

(۵) اگر خون کی قے آتی ہو تو اکیس روز تک بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ یہ آیات پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ العزیز شفاء ہوگی اور خون آنا بند ہو جائے گا ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ○ فَتَبَارَکَ اللّٰہُ

اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ○ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

## پیاس کی شدت کا علاج

(۱) صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرکے چہرے اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا۔

(۲) دو رکعت نماز پڑھ کے ان آیات کریمہ کو اکیس مرتبہ تلاوت کرنا تشنگی کے دور کرنے کیلئے مفید ہے۔ وَالَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ سے بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ تک۔

(۳) جسے استسقاء کی بیماری ہو اسے تین بار سورۂ واقعہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے۔

(۴) اگر پیاس زیادہ لگتی ہے تو یہ آیت سات بار پانی پر دم کرکے پلانا بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔
وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ۔

(۵) جسے پیاس بہت زیادہ لگتی ہو اسے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے پلایا جائے۔
وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ○

## طاعون اور ہیضہ کا علاج

(۱) ایک مرتبہ ملتان میں طاعون پھیلا شیخ تمیمیؒ نے اپنے معتقدین سے ارشاد فرمایا کہ طاعون کے مریض پر فاتحہ بوصل بسم اللہ اکتالیس بار پڑھ کر دم کردیا کرو چنانچہ اکتالیس بار پڑھ کر جس جس پر دم کیا گیا اللہ تعالیٰ نے اس مریض کو شفاء بخشی۔

(۲) سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ ایام وبا میں روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھنا وبا سے محفوظ کر دیتا ہے۔

(۳) کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازے کے سر پر چپکادے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاَهْلَ یَثْرِبَ لَامُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا

انشاء اللہ مکان ہیضہ اور طاعون وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

(۴) طاعون و وباء کے زمانے میں جو شخص ان کلمات کو تین مرتبہ صبح تین مرتبہ شام پڑھے گا تو وباء سے محفوظ رہے گا۔

تَحَصَّنْتُ بِذِی الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاعْتَصَمْتُ بِرَبِّ الْمَلَكُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اَللّٰهُمَّ اصْرِفْ عَنَّا هٰذَا الْوَبَاءَ وَقِنَا شَرَّ السُّوْءِ وَنَجِّنَا مِنَ الطَّعْنِ وَالطَّاعُوْنِ وَالْبَلَاءِ بِلُطْفِكَ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

(۵) اسم باری تعالیٰ اَلْمُؤْمِنُ چار مرتبہ اور اَلْحَیُّ سات یا اٹھارہ مرتبہ دروازے کی چوکھٹ پر لکھا جائے انشاء اللہ وباء گھر میں داخل نہ ہوگی۔

(۶) ہیضہ یا طاعون کے زمانہ میں سورۂ غاشیہ کی ابتدائی آیتیں وَلَا یُغْنِیْ مِنْ جُوْعٍ تک کاغذ پر لکھ کر مکان کے دروازے پر لگانا انشاء اللہ مکان کو اس وباء کے اثر سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۷) طاعون یا ہیضہ کے موقع پر اس آیت کو لکھ کر پاس رکھنا نہایت امن کا باعث ہوتا ہے۔

وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنَاتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَؤُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

## پیشاب کی بندش کا علاج

اگر پیشاب آنا بند ہوگیا ہو تو اکہتر مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے اور لکھ کر گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا بہت مجرب ہے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ سے مُفْسِدِيْنَ تک (بقرہ ۶۰)

(۲) مندرجہ بالا آیت چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں انشاء اللہ پیشاب کھل جائیگا۔

(۳) انسان یا حیوان جس کا پیشاب بند ہو جائے دو کاغذوں پر یہ آیت لکھ کر ایک اس کے گلے میں بطور تعویذ ڈالے اور ایک پانی میں گھول کر پلائیں انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے يَتَفَكَّرُوْنَ تک (سورۂ حشر ۲۱)

(۴) حضرت ابو الدرداءؓ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں کہ یہ دعا پیشاب کی بندش کیلئے انتہائی مفید ہے۔

رَبَّنَا اَنْتَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اِسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ لکھ کر ناف کے مقام پر باندھے۔

## پیشاب کی زیادتی (سلسل البول) کا علاج

اس آیت کو لکھ کر باندھے تو مرض زائل ہو جائے گا انشاء اللہ

قِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (ھود ۴۴)

(۲) پیشاب بکثرت آتا ہو تو اکتالیس بار یہ آیت چینی پر دم کر کے چٹانے سے یہ مرض جاتا رہے گا۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۔

(۳) سورۂ فاتحہ کو تلوں پر اکیس مرتبہ دم کر کے گیارہ دن تک کھلایا جائے اِنشاء اللہ کثرت پیشاب کا مرض ختم ہو جائیگا ۔

## پتھری کا علاج

(۱) پتھری دفع کرنے کے واسطے سورۂ الم نشرح کاغذ حریر پر اکیس دن تک لکھ کر پلاوے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائیگی اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے شفا پائے گا اور ہر روز پڑھ کر دم بھی کرتا رہے۔

(۲) ابن کلبیؒ نے روایت ہے کہ اصبہان میں کسی بزرگ کو عسرالبول کی بیماری ہو گئی تھی انہوں نے یہ لکھا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا۔ وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝

اور پانی سے دھو کر پیا پتھری نکل گئی اور با آسانی پیشاب کھل گیا ۔

(۳) پتھری کیلئے یہ آیت لکھ کر پیویں مفید ہے وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ سے مُفْسِدِیْنَ تک (بقرہ آیت ۶۰)

(۴) اگر گردہ میں پتھری ہوگئی ہو تو سورۂ لھب اور یہ آیت چینی کی رکابی پر لکھ کر عرق مکوہ سے دھو کر گیارہ دن تک پلانا نہایت ہی مفید ہے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ۝

(۵) یَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ لکھ کر ہر جمعرات کو مع کاغذ کے چبا کر نگل جانا دفع پتھری کیلئے نہایت مجرب ہے۔

## تلّی کے بڑھ جانے کا علاج

(۱) جس شخص کی تلی بڑھ گئی ہو تو یہ آیت شریفہ مع بسم اللہ لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے اور تعویذ تلی کے مقام پر پڑا رہے انشاء اللہ تلی کا ورم دور ہو جائے گا اور تلی اپنی اصلی حالت پر آجائیگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

(۲) اگر کسی شخص کی تلی بڑھ گئی ہو تو چاہئے کہ بکرے یا بکری کی ایک عدد تلی لے اور غسل کرے اور اس کے ساتھ وضو کر کے سات ببول یعنی کیکر کے کانٹے لیکر سورۂ یاسین شروع کرے ہر مبین پر ایک کانٹا دم کر کے تلی میں چبھوتا جائے اسی طرح ساتوں مبینوں پر دم کر کے کانٹے اس میں چبھوتا جائے

اور ہر دفعہ ہر مبین پر شروع یاسین سے پڑھ کر دم کرے اور آخر میں پوری یاسین پڑھ کر تلی پر دم کرے اور تلی کو مریض کی چارپائی کی پائنتی کی طرف لٹکائے تاکہ مریض کی نظر ہر وقت تلی پر پڑتی رہے انشاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

(۳) سورۂ ممتحنہ لکھ کر متواتر تین دن تک پلانا مفید ہے

(۴) اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا سے حَلِیْمًا غَفُوْرًا تک (فاطر ۴۱)
کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر تلی پر باندھے انشاء اللہ تلی کا ورم جاتا رہیگا۔

(۵) اول سات بار درود شریف پڑھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھے پھر سات بار درود شریف پڑھ کر تیز استرے کی دھار پر دم کرکے تلی کی جگہ پر استرہ پھیرے سات دن ایسا کرنے سے تلی جاتی رہیگی۔

## مٹی کھانے کا علاج

خالص گندم کے آٹے کی روٹی پر آیات ذیل لکھ کر کھلائے انشاء اللہ پھر مٹی نہ کھائے گا

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِیْلًا وَاصْبِرْ نَفْسَکَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّھُمْ بِالْغَدٰوۃِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْھَہٗ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

## کثرت خواہش جماع کا علاج

(۱) سورۃ النور آب زمزم سے لکھ کر پیوے تو شہوت جماع منقطع ہو جائے

(۲) اگر کسی کو شہوت ستائے اور گناہ کا احتمال ہو تو اللہ کے وہ اسماء جن میں ی آتی ہے جیسے قدیر، خبیر، بصیر، علیم، حکیم، عزیز، کریم، حلیم، جلیل، رحیم، وغیرہ کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے گھول کر پلائیں صبح سات دن پہلے پلیٹ میں پوری بسم اللہ لکھیں پھر یہ نام انشاء اللہ سکون ہو جائیگا۔

## سرعت انزال کا علاج

(۱) انگور کے پتے پر لکھ کر بائیں ران پر باندھنا امساک کے لئے مفید ہے۔
ابجد، ھوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ، وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ كُلَّمَا أَوْقَدُوا نَارًا لِلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللَّهُ أَمْسِكْ أَيُّهَا الْمَاءُ النَّازِلُ مِنْ صُلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةٍ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ

## جریان کا علاج

(۱) جریان کے مریض کو سورۂ حجرات تین بار پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک پلایا جائے انشاء اللہ شفاء ہو جائیگی۔

(۲) بعد نماز عصر اول و آخر سات مرتبہ درود شریف اور سو مرتبہ یہ آیت پڑھنا جریان کے لئے بہت مفید ہے رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

## نامردی کا علاج

(۱) جو شخص جماع پر قادر نہ ہو اسے بعد نماز فجر یہ آیت مرغی کے انڈے پر دم کر کے اکتالیس روز تک مسلسل کھلایا جائے انشاء اللہ وہ جماع پر قادر ہو جائے گا مجرب ہے۔

یَاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ ــــ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا تک سورۂ نساء آیت ۲)

(۲) شیشے کے برتن میں آیت وَتَرَکْنَا بَعْضَھُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ لکھ کر اس شخص کو پلایا جائے جو اپنی بیوی کی محبّت سے باز رکھا گیا ہو انشاء اللہ ہر طرح قادر ہو جائے گا

(۳) تین انڈے لیکر ایک پر وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰھَا بِاَیْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ لکھے اور اس کو مرد کھا جائے اور دوسرے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰھَا فَنِعْمَ الْمٰھِدُوْنَ لکھے اور اس کو عورت کھا جائے اور تیسرے پر وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ لکھے اور اس میں سے آدھا مرد کھائے اور آدھا عورت انشاء اللہ اس معیبت سے رہا ہو جائے گا۔

## آتشک اور سوزاک کا علاج

(۱) سوزاک کے مریض کو یہ آیت لکھ کر عرق گلاب میں گھول کر پلانا بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ اِذْ جَآءَتْھُمْ مَّوْعِظَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ وَّنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ

(۲) جسے سوزاک کی بیماری ہو گئی ہو اسے سورۂ مزمل لکھ کر گلے میں ڈالا

جائے اور بارش کے پانی پر دم کرکے پلایا بھی جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا مجرب ہے

(۳) سورۂ تکویر آبِ زمزم پر دم کرکے پلانا آتشک کے لئے بہت مفید ہے

(۴) ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے اکتالیس روز تک پلایا جائے انشاء اللہ آتشک کا مرض جاتا رہے گا۔ وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا سے اَمْرًا تک

(سورۂ نازعات ا تا ۵)

## کثرتِ احتلام کا علاج

(۱) بستر پر جاتے وقت سورۂ طارق پڑھ لیا کرے تو کبھی کثرتِ احتلام کا مرض نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہو تو بالکل ختم ہوجائے گا۔ بہت مجرب ہے

(۲) کثرتِ احتلام کا مریض سوتے وقت اپنے سینے پر شہادت کی انگلی سے عمر لکھے اور رات کو جب بھی آنکھ کھلے اسی طرح عمر لکھے انشاء اللہ ہرگز احتلام نہ ہوگا

(۳) سُورۂ نور (پ ۱۸) لکھ کر پاس رکھنے سے احتلام سے محفوظ رہتا ہے۔

(۴) جس شخص کو بد خوابی (احتلام) ہوتی ہو یا پریشان خواب نظر آتے ہوں اس آیت کو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا سوتے وقت پڑھ لیا کریں۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○

## حیض کی کمی اور درد کا علاج

(۱) جس عورت کی ماہواری میں کمی ہو اور اس سے تکلیف ہو تو ان آیات کو لکھ کر کمر میں اس طرح باندھیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے انشاء اللہ شفا ہوگی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ○ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ○

(۲) جس عورت کو حیض درد سے آتا ہو اس کیلئے اس کلام کو لکھ کر شہد خالص یا مصری کے شربت میں ملا کر تین روز متواتر پلائے انشاء اللہ فوراً آرام آجائے گا۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا نُوْرُ حٰمٓ اَللّٰهُ حٰمٓ اَللّٰهُ حٰمٓ اَللّٰهُ حٰمٓ اَللّٰهُ حٰمٓ اَللّٰهُ حٰمٓ اَللّٰهُ حٰمٓ اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا بَصِيْرُ اَللّٰهُ يَا بَصِيْرُ اَللّٰهُ يَا لَطِيْفُ يَا شَافِيْ اَللّٰهُ شَافِيْ يَا مَافِيْ اَللّٰهُ كَافِيْ يَا نُوْرُ

## کثرت حیض کا علاج

(۱) حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۂ دھان پانی پر دم کر کے پلایا جائے انشاء اللہ خون کا آنا بند ہو جائے گا۔

(۲) جس عورت کی ماہواری میں زیادتی ہو اس آیت کو لکھ کر کمر میں باندھیں اس طرح کے تعویذ رحم پر پڑا رہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

(۳) تین سو تیرا مرتبہ سورۂ کوثر روزانہ بارش کے پانی پر دم کر کے پلانا کثرت حیض کی بیماری میں بہت مفید ہے۔

## استحاضہ کا علاج

(۱) اگر کسی عورت کا خون جاری ہو تو اس آیت کو تین پرچوں پر لکھ کر ایک پرچہ اگلے دامن میں دوسرا پچھلے دامن میں تیسرا زیرناف باندھیں۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ (آل عمران ۱۴۴)

## دفع بندش حیض

جس عورت کی ماہواری بند ہوگئی اس تعویذ کو لکھ کر عورت کی دائیں ران پر باندھے انشاء اللہ حیض جاری ہوجائے گا۔

| لا<br>س | و<br>س | ۵۲<br>ی | لا<br>ن | حی<br>ر | لا<br>ص<br>ح |
|---|---|---|---|---|---|

## سیلان رحم کا علاج

سیلان رحم کی بیماری ہوگئی ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیات عرق گلاب پر دم کرکے اکتالیس روز تک پلایا جائے انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ بِحَقِّ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

## درد رحم کا علاج

یہ نقش لکھ کر بازو پر باندھیں انشاء اللہ صحت ہوگی درمیان خانہ میں مریض کا نام لکھیں

| یا اللہ یا رحمٰن<br>یا اللہ یا رحمٰن<br>یا اللہ یا رحمٰن | یا اللہ یا رحمٰن<br>یا اللہ یا رحمٰن<br>یا اللہ یا رحمٰن | یا اللہ یا رحمٰن<br>یا اللہ یا رحمٰن<br>یا اللہ یا رحمٰن |
|---|---|---|

## جملہ امراض رحم کا علاج

جس عورت کو رحم کا مرض ہو، خواہ کسی قسم کا ہو اس کے لئے سورۂ نجم کا زعفران سے لکھ کر گھول کر پلانا نہایت مفید ہے۔

## زیر ناف (پیڑو کے) درد کا علاج

جو عورت زیر ناف کے درد میں جتلا ہو اس کو یہ آیت مکرم پلاوے اللہ شفاء دے گا

نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ وَإِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ تَبْدِيلًا

## پستان کے عدم ابھار کا علاج

(۱) جس عورت کے پستان چھوٹے ہوں تو چالیس دن تک یہ آیت روزانہ اکتالیس مرتبہ پانی پر دم کرکے پلایا جائے۔

أَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ فَأَصْبَحَ هَشِيمًا تَذْرُوهُ الرِّيَاحُ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ مُقْتَدِرًا

(۲) پستانوں کے عدم ابھار میں یہ آیت لکھ کر پستان پر باندھنا بہت مفید ہے اور پستانوں میں درد ہو تو جب بھی یہ عمل نافع ہے۔

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ

(۳) جس عورت کے پستان چھوٹے ہوں تو ایک ہزار مرتبہ اسم باری تعالیٰ یا ماجد پڑھ کر ہاتھ پر دم کرکے اپنی چھاتی پر ملے۔

## پستان کے ورم اور درد کا علاج

اگر پستانوں پر ورم آگیا ہو تو سورۂ اخلاص اور معوذتین دس دس بار پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ ورم ختم ہو جائے گا۔

(۲) سورۂ فیل بغیر بسم اللہ کے سات بار پڑھ کر اگر عورت کے دائیں پستان پر ورم ہو تو اپنے بائیں پستان پر دم کرے اور اگر عورت کے بائیں پستان پر ورم ہو تو اپنے دائیں پستان پر دم کرے انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

(۳) پستانوں میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر چھاتی پر باندھنا نافع ہے۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِي بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ

## دودھ کی کمی کا علاج

جس عورت کے دودھ کی کمی ہو یا دودھ خشک ہوگیا ہو اس کو جاری کرنے کے لئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر لاہوری نمک پر دم کرے اور اپنے کھانے پینے کی اشیاء میں استعمال کرے انشاء اللہ دودھ بڑھ جائے گا۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ٥

(۲) سورۃ الحجر (پ ۱۴) زعفران سے لکھ کر جس عورت کو پلاوے اس کا دودھ بڑھ جائے گا

(۳) عورت کا دودھ زیادہ ہونے کے لئے۔ یہ تعویذ لکھ کر داہنے بازو پر باندھے اور چند روز چینی کے برتن پر لکھ کر دھو کر پلاوے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ٥

(۴) اگر عورت کے پستان میں دودھ پیدا نہ ہوتا ہو تو ایک سو ایک بار یہ آیت بارش کے پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ خوب دودھ پیدا ہوگا۔

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ.

## بانجھ پن کا علاج

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا (رعد) گلاب و زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر بانجھ مرد

یا عورت کے گلے میں ڈالیں اور اکیس دن یہی آیت گلاب و زعفران سے کاغذ یا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائیں انشاء اللہ بانجھ پن دور ہوگا

(۲) چالیس لونگوں پر اس آیت کو سات بار پڑھیں اور ایک لونگ ہر روز کھائیں حیض کا غسل کرنے کے بعد کھانا شروع کریں اور ہمبستر ہوں۔ شرط یہ ہے کہ لونگ رات کو کھاوے اور اس پر پانی نہ پئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ (نور ع ۵ آیت ۴۰)

(۳) جس عورت کے ہاں اولاد پیدا نہ ہوتی ہو اسے چاہیے کہ متواتر تین ماہ تک اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (اٰل عمران ۳۶) گھول کر پیا کرے ایام حیض میں چھوڑ دے جب پاک ہو جائے پھر شروع کرے

(۴) هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ سے يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ تک (اٰل عمران آیت ۳۸ تا ۴۰)

کو مشک و زعفران اور گلاب سے ایک چینی کے برتن میں باوضو لکھیں پھر پانی میں گھول کر بانجھ مرد یا بانجھ عورت کو تین دن تک پلاویں نیز دو عدد لکھ کر ایک مرد کے بازو پر اور دوسرا عورت اپنی کمر میں ناف سے نیچے ریشم کے دھاگے سے باندھ دیں جس کو وہ بوقت صحبت علیحدہ کر دیا کریں اور پھر نہا کر باندھ لیں عورت شب اول یا دوم میں اللہ کے حکم سے حاملہ ہو جائیگی۔

## برائے قرار حمل

(۱) جس شخص کو اولاد سے مایوسی ہو دو انڈے جوش دے کر چھلکا اتار دیں ایک پر وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ اور دوسرے پر وَالْاَرْضَ

فَرَشْنٰھَا فَنِعْمَ الْمَاھِدُوْنَ لکھیں پہلا انڈا مرد کھائے اور دوسرا عورت چالیس دن تک یہ عمل جاری رکھیں اس دوران قربت بھی کرتا رہے انشاء اللہ حمل قرار پاجائیگا۔

(۲) جب عورت حیض سے پاک ہوجائے تو مندرجہ ذیل تین تعویذات لکھ کراسے کھلائے امید کامل تو یہ ہے کہ پہلا تعویذ کھانے سے ہی حمل ہوجائیگا ورنہ دوسرا تعویذ کھلائے انشاء اللہ تیسری بار مرد کے قریب جاتے ہی عورت حاملہ ہوجائے گی اور فرزند پیدا ہوگا۔ ان تینوں تعویذات کو مشک زعفران اور گلاب سے لکھے۔ تعویذ اول بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَاِلَی اللّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ ہُوَالَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰٓی اَجَلًا وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَہٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ دوسرا تعویذ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ یَعْدِلُوْنَ ھُوَالَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰٓی اَجَلًا وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَہٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ یَا اَھْیًا اَسْتَرَاھِیًا تیسرا تعویذ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سے تَمْتَرُوْنَ تک پھر اَھْیًا اَ بِیْ اَصْبَا وَتُوْفَ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ یَامَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا وَذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

(۳) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اِنَّکَ اَنْتَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ گیارہ مرتبہ لکھ کر روزانہ ایک عورت کو گیارہ دن تک پلائے۔

(۴) اگر کسی عورت کو حمل نہ رہتا ہو تو یہ آیت چالیس دن چینی کے پیالے

میں لکھ کر پلائیں اور کاغذ پر لکھ کر کمر میں باندھیں انشاء اللہ حمل قرار پائے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا وَّيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ○

(۵) اگر کوئی شخص اس عبارت کو لکھ کر اس عورت کو جس کی اولاد نہ ہوتی ہووے اور وہ اس کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ وہ عورت اسی مہینے میں حاملہ ہو گی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو۔ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین

(۶) ایک پاک برتن میں فاتحہ اور درود لکھ کر ابجد تا ضظغ لکھیں اور ایک برتن میں یہ لکھیں اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ سے اَمَدًا اَمْقَضِيًّا تک پھر یہ لکھے فَحَمَلَتْهُ بِعَوْنِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ بِلُطْفِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ○

پھر اس تعویذ کو پانی میں گھول کر عورت بوقت قربت پی جائے باذن اللہ حاملہ ہوجائیگی

## اسقاط حمل کا علاج

(۱) وضو کر کے ایک گوشہ میں بیٹھ کر یہ کلمات لکھے اور عورت کے پیٹ پر باندھے انشاء اللہ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَمْلَ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ مِنْ جَمِيْعِ الْاٰفَاتِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ

(۲) اسقاط حمل کے لئے مجرب ہے اگر خون جاری ہوگیا ہو تو ایک سرخ ڈورا حاملہ کے قد کے برابر یعنی پاؤں کے انگوٹھے سے سر تک ناپ کرلیں اور اس پر

سات مرتبہ اس اسم مبارک کو مع کلمہ طیبہ کے دم کریں اور ہر مرتبہ ایک گرہ دیں اور عورت کے کمر میں باندھیں انشاء اللہ حمل برقرار رہے گا ساقط نہ ہوگا

اَلصَّبُوْرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

(۳) اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ (رعد ۸)

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (یوسف ۶۴)

لکھ کر عورت کے رحم پر باندھے انشاء اللہ حمل محفوظ رہے گا

(۴) جس عورت کا حمل ساقط ہوجاتا ہو تو سرخ کسوم کا رنگا ہوا دھاگہ اس کے قد کے برابر لے اور سات یا گیارہ یا اکیس تار کرے اس پر نو گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر ——— وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ سے هُمْ مُّحْسِنُوْنَ تک (نحل آیت ۱۲۷-۱۲۸) اور سورۂ کافرون پڑھ کر پھونکے پھر وہ دھاگہ عورت اپنی کمر پر باندھے انشاء اللہ حمل محفوظ رہیگا

## پیٹ میں سوئے ہوئے بچے کو جگانے کیلئے

(۱) آیات ذیل کو کسی صاف برتن میں زعفران کے پانی سے لکھیں اور بارش کے پانی سے دھوکر نہار منہ پئیں انشاء اللہ بیدار ہوجائیگا۔ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

(۲) آیات ذیل سات چھوں پر لکھیں اور پانی سے دھوکر پیے

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ

وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَهٗ اِلَّا هُوَ

## برائے شناخت حمل

یہ معلوم کرنا کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں کیلئے یہ نقوش لکھے جاویں اور اس عورت کے گلے یا بازو پر باندھے اگر وہ حاملہ ہوگی تو اس کو اسی وقت پیشاب کی حاجت ہوگی نقوش یہ ہیں

نوس حسن

## برائے منع حمل

(۱) اگر عورت آنکھ بندھ کر کے ارنڈ کا ایک دانہ نگل جاوے تو ایک سال تک حاملہ نہ ہوسکے دو دانے نگلے تو دو سال تک تین نگلے تو تین سال تک غرض جتنے دانے نگلے گی اتنے سال تک حاملہ نہ ہوگی

(۲) سرطان (کیکڑا) پیس کر اگر گدھی کے دودھ سے ٹکیہ بنائیں اور عورت کے بائیں بازو پر باندھیں تو جب تک بندھا رہے گا حاملہ نہ ہوگی

(۳) اگر عورت نعناع کے پتے اپنے پاس رکھے اور اس کا پانی پئے جاوے تو جب تک پتے اس کے پاس رہیں گے حاملہ نہیں ہوگی

## برائے اولاد نرینہ

(۱) جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو حمل پر تین مہینے گذرنے سے پہلے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے اور حاملہ کے باندھے

اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ یَا زَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ

بِغُلَامِ اِسْمُہٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّہٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا بِحَقِّ مَرْیَمَ وَ عِیْسٰی اِبْنًا صَالِحًا طَوِیْلَ الْعُمُرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

(۲) جب حمل اڑھائی ماہ کے قریب ہو اور تین ماہ کامل نہ گزرے ہوں تو صبح کی نماز کے بعد باوضو اول درود شریف پھر سورۂ فاتحہ پھر سورۃ بقرہ الٓمّٓ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَارَیْبَ فِیْہِ تک پڑھیں اور نئے مٹی کے آبخورہ میں پانی لے کر اس پر دم کر کے حاملہ کو پلادیں سات دن یہ عمل کریں انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا مجرب ہے۔

(۳) شروع مہینہ حمل میں اگر عورت کی داہنی پسلی پر سورۂ اعلیٰ لکھ دیں تو انشاء اللہ اولاد نرینہ پیدا ہو

(۴) شوہر یا کوئی اور عورت اس عورت کے پیٹ پر (ناف کے گرد) جس کا لڑکا نہ پیدا ہوتا ہو ستر مرتبہ انگلی سے گول دائرہ کھینچے اور ہر بار انگلی پھیرنے کے ساتھ یا متین یا مبین کہے انشاء اللہ العزیز لڑکا پیدا ہوگا۔

(۵) اوائل حمل یعنی تیسرے مہینے کے شروع سے پہلے عورت کی ناف پر ہاتھ رکھے اور وہ چت لیٹی ہو چنانچہ ناف پر ہاتھ پھیرتا ہوا یہ دعا تین مرتبہ پڑھے ۔اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ فَکَوِّنْہُ ذَکَرًا وَّاُسَمِّیْہِ اَحْمَدًا اَوْ مُحَمَّدًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ حَبِیْبِکَ وَنَبِیِّکَ وَ رَسُوْلِکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ

(۶) حمل کے پہلے یا دوسرے یا تیسرے مہینے اس آیت کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھیں انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَاَوْجَسَ مِنْھُمْ خِیْفَۃً قَالُوْا لَا تَخَفْ وَ بَشَّرُوْہُ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ٥ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُہٗ فِیْ صَرَّۃٍ فَصَکَّتْ وَجْھَھَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِیْمٌ ٥ قَالُوْا کَذٰلِکِ قَالَ رَبُّکِ اِنَّہٗ ھُوَ الْحَکِیْمُ الْعَلِیْمُ ٥

(۷) سورۃ یوسف اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو۔ تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

## برائے تسہیل ولادت، دردزہ کا علاج

(۱) ان آیات و دعا کو لکھ کر دردزہ والی عورت کی ران میں باندھنے اور اسے لکھ کر دھو کر پلانے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے نہایت مفید و مجرب عمل ہے لیکن ولادت کے بعد فوراً کھول دے سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس اور
اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ اَللّٰهُمَّ يَا مُخَلِّصَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ وَيَا مُخْرِجَ النَّفْسِ يَا عَلِيْمُ يَا قَدِيْرُ خَلِّصْ فُلَانَةَ مِمَّا فِيْ بَطْنِهَا مِنْ وَّلَدِهَا خَلَاصًا فِيْ عَافِيَةٍ اِنَّكَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ فلانہ کی جگہ اس عورت کا نام لکھے ــــ مِنَ النَّفْسِ

(۲) اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے يُؤْمِنُوْنَ تک (انبیاء ۳۰) جو عورت دردزہ میں مبتلا ہو اس کے شکم یا کمر پر دم کرے یا لکھ کر باندھے تو ولادت با آسانی ہو۔

(۳) تھوڑے سے گڑ پر اکیس مرتبہ دم کرے پھر عورت کو کھلائے مجرب ہے کاغذ پر لکھ کر بائیں ران پر باندھ بھی لے لیکن ولادت کے بعد فوراً کھول دے
اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ۔

(۴) مور کے چاند کا گول حصہ باریک کتر کر گڑ میں ملا کر دودھ سے کھلائیں فوراً پیدائش ہوگی

## مردہ بچے کے پیدائش کیلئے

جس عورت کے پیٹ میں بچہ مرگیا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اور دھو کر پلائے خدا کے فضل سے جلد باہر آوے ــ ح ح ح غ ع د د ک ر د ط

Scanned by CamScanner

۲۵۱ کماکہ ک وو

## شکم مادر میں خشک ہونے والے بچے کا علاج

اگر کسی عورت کے پیٹ میں بچہ خشک ہوجائے تو اس تعویذ کو پانی میں گھول کر پلائیں انشاء اللہ بچہ زندہ اور تندرست پیدا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم علے علے علے علے علے علے علے علے لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ ھ میسر میسر میسر میسر میسر میسر میسر

## خروج مشیمہ (وہ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے) کیلئے

اگر بچے کی پیدائش کے بعد وہ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے نہ نکلے تو ایک کپڑے کی چٹ پر کلمات ذیل لکھ کر عورت کے پیٹ پر باندھیں انشاء اللہ فوراً نکل آئیگی۔

دَخَلَ جِبْرَئِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَاِسْرَافِیْلُ اَللّٰھُمَّ رَبِّ مُوْسٰی وَعِیْسٰی وَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْزِلِیْ اَیَّتُھَا الْمَشِیْمَۃُ ص ھ ھ،

## بواسیر خونی و بادی کا علاج

(۱) یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھنا بواسیر کیلئے بہت مفید ہے۔ لَا یَرَوْنَ فِیْھَا شَمْسًا وَّلَا زَمْھَرِیْرًا

(۲) اس آیت کو چینی کے برتن پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر سیاہ انگور کے عرق سے دھو کر اس میں تھوڑا سا کہربا کافور اور تھوڑی سی چینی ملا کر پلانا بواسیر خونی میں بے حد مفید و مجرب ہے

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھِیْمُ الْقَوَاعِدَ سے اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ تک بقرہ ۱۲۷ تا ۱۲۹)

(۳) جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو تو پیر کی صبح یا جمعہ کی صبح کو یہ دعا لکھ کر

موم جامہ کر کے کمر میں اس طرح باندھے کہ تعویذ پشت پر رہے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَارَحِیْمَ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّ مَکْرُوْبٍ یَارَحِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

(۴) دو رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد الم نشرح دوسری رکعت میں الم ترکیف اور بعد سلام پھیرنے کے ستر بار یہ کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ رَبِّیْ جب تک بواسیر کی شکایت رہے روزانہ کرتا رہے انشاء اللہ شفاء ہوگی ہر قسم کی بواسیر کیلئے مجرب ہے

(۵) کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس تار لے کر سورۂ لھب اکیس بار پڑھ کر اکیس گرہیں لگائیں پھر الٹی طرف سے ہر گرہ پر لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ایک بار دم کرکے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَ یٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَ غِیْضَ الْمَآءُ وَ قُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر میں باندھے ہر قسم کی بواسیر کو شفاء ہوگی انشاء اللہ

(۶) سورۂ اعلیٰ نماز کے بعد پڑھا کرے انشاء اللہ ہر قسم کی بواسیر دور ہوگی

(۷) سات کاغذوں پر لکھیں اور ایک کاغذ موم میں لپیٹ کر گولی بنا کر صبح نہار منہ کھائیں (۸۱ ح عہ ط ط ا ع ۱۱۱۱۱ مطم ھ ھ)۔

## درد بازو کا علاج

(۱) وَمَالَنَا اَلَّا نَتَوَكَّلَ سے الْمُتَوَكِّلُوْنَ تک (ابراھیم آیت ۱۲)
جس کے ہاتھ پیروں میں درد ہو اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا

(۲) داہنے بازو میں درد ہو تو تین بار یہ آیت پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کیا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝

(۳) جس کے بائیں بازو میں درد ہو اسے یہ آیت لکھ کر جس جگہ درد ہو وہاں باندھا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ

(۴) سورۂ ہمزہ بابونہ کے تیل پر دم کرکے بازو میں لگانا درد وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے

## درد ران اور درد پنڈلی کا علاج

(۱) یہ آیت پانی پر دم کرکے پلانا ران کے درد میں بہت نافع ہے۔
اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ۝

(۲) ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کرکے پلایا جائے انشاء اللہ ران کا درد جاتا رہے گا۔
اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَاۗءَ بِنَاۗءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ښ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

(۳) وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ سے الْمُتَوَكِّلُوْنَ تک (ابراہیم ۱۲)
جس کے ہاتھ پیروں میں درد ہو اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھے انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا

(۴) پنڈلی میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر درد کی جگہ باندھا جائے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا مجرب ہے۔
وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ۣ الْمَسَاقُ

(۵) پنڈی کے درد میں یہ آیت لکھ کر مقام درد پر باندھنا بہت مُفید ہے۔
اَللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ

(۶) وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ سے يَعْمَلُوْنَ تک (یونس ۱۲) مٹی کے کورے پاک برتن پر اس آیت کو سیاہی سے لکھ کر اور برتن کو روغن زیتون سے بھر کر اس سے حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کر کے اس کی مالش کرنے سے پنڈلیوں کا درد جاتا رہتا ہے۔

## پاؤں کے رعشہ کا علاج

(۱) اگر پاؤں میں رعشہ ہو گیا ہو تو ایک پاؤ روغن زیتون پر تین ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر پاؤں کی انگلیوں پر مالش کیا جائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔
اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ

(۲) جس شخص کے پاؤں میں رعشہ پیدا ہو اور وہ کھڑا ہونے سے لاچار ہو وہ

مخص پاؤ بھر روغن زیتون پر تین ہزار تین سو تیرہ دفعہ ان آیتوں کو پڑھکر بہت زور سے دم کرے پھر دن میں تین مرتبہ اور رات میں ایک دفعہ ٹانگوں پر تیل کی مالش کرے انشاء اللہ بہت جلد رعشہ وغیرہ درد جو کچھ ہوگا سب کچھ جاتا رہے گا اور ٹانگیں درست ہو جائیں گی۔

اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِکَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ یَّوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِیْنَ

## انگلیوں کے درد کا علاج

(۱) انگلیوں پر کسی طرح کی تکلیف ہو تو تین سو مرتبہ یہ آیت تِل کے تیل پر دم کر کے مالش کیا جائے انشاء اللہ تمام تکلیف دور ہو جائیگی۔

لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ

(۲) اگر پاؤں کی انگلیوں میں کوئی تکلیف ہو تو ایک سو ایک بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا نہایت مجرب ہے۔ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ

## پاؤں کے جملہ امراض کا علاج

پاؤں میں کسی طرح کی کوئی تکلیف ہو تو گیارہ مرتبہ ان آیات کو تیل پر دم کر کے مالش کیا جائے انشاء اللہ تمام تکالیف دور ہو جائینگی۔

اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُکِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ کُلُّ اُولٰٓئِکَ کَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ